SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.III OF 1994

سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۳

THE SINDH WILDLIFE PROTECTION (AMENDMENT) ACT, 1993

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Ordinance V of 1972
۳۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴کی ترمیم
Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1972
۴۔ لیزوں پر پابندی وغیرہ
Abatement of leases etc
۵۔ منسوخی
Repeal

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.III OF 1994

سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۳

THE SINDH WILDLIFE PROTECTION (AMENDMENT) ACT, 1993

[۲۰ فروری ۱۹۹۴]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ جنگلی حیات تحفظ آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ جنگلی حیات تحفظ آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور اور ۴ اکتوبر ۱۹۹۳ سے نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Ordinance V of 1972

۲۔ سندھ جنگلی حیات تحفظ آرڈیننس، ۱۹۷۳ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ کی شق (n) میں، لفظ اور کاما "پرندے،" کے لیئے لفظ اور کامائیں "پرندے، مچھلی،" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۲ کے سندھ

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ ۳ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

"(۴) جنگلی حیات کی تحفظ کی حدود میں مچھلی

مارنے کا پانی لیز پر نہیں دیا جائے گا، نیلام نہیں کیا جائے گا یا کسی بھی طریقے سے مچھلی مارنے کے مقصد کے لیئے استعمال نہیں ہوگا یا کمرشل بنیاد پر کنول پودہ اور کنول ککڑی کی افزائش جمع کرنے کے لیئے استعمال نہیں ہوگا۔"۔	آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴کی ترمیم Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1972
۴۔ کوئی لیز یا دی گئی اجازت یا کیا گیا کوئی معاہدہ یا نیلامی جو مندرجہ بالا ذیلی دفعہ (۴) کے مقصد کے لیئے ہو، جو سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲ سے پہلے نافذ تھی وہ ختم ہو جائے گی اور غیر موثر ہو جائے گی۔	لیزوں پر پابندی وغیرہ Abatement of leases etc
۵۔ سندھ جنگلی حیات تحفظ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۳ کو منسوخ کیاجائے گا۔	منسوخی Repeal

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔